**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 110**

**Series : Sec/Annual-2023**

*Roll No.* ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐ ***SET : A***

# اردو

# URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

---

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **8** तथा प्रश्न **12** हैं।*
- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*



downloaded from StudentSuvidha.com

Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

• *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न-पत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

---

نوٹ : سبھی سوالوں کا جواب دینالازمی ہے۔

**1.** مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے : 7

(i) مغل سلطنت کا سب سے مشہور بادشاہ کون تھا ؟

(ii) پانی حاصل کرنے کے قدرتی ذرائع کون کون سے ہیں ؟

(iii) اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی ہے ؟

(iv) بھیم راؤ امبیڈکر کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے ؟

(v) آنکھوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے ؟

downloaded from StudentSuvidha.com

(vi) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا ؟

(vii) رضیہ سلطان نے کتنے برس حکومت کی ؟

**2.** مندرجہ ذیل عبارت (Unseen Passage) کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے : 7

پریم چند کی پیدائش بنارس کے ایک گاؤں لمہی میں ہوئی۔ ان کا اصل نام دھنپت رائے تھا۔ کُنبے کے لوگ نواب رائے بھی کہتے تھے۔ ان کے والد عجائب لال ڈاک خانے میں منشی تھے۔ پریم چند کی ابتدائی تعلیم گاؤں کے مدرسے میں ہوئی۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد 1899 میں بنارس کے قریب چنار گڑھ کے ایک مشن اسکول میں اسسٹنٹ ماسٹر کی حیثیت سے ملازم ہو گئے۔ پریم چند کو مضامین لکھنے کا شوق بچپن سے تھا۔ ان کی پہلی تصنیف ایک ڈرامہ تھا جو انھوں نے تقریباً تیرہ سال کی عمر میں لکھا۔ اس کا عنوان تھا۔ ایک ماموں کا رومان۔



Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

**سوالات :**

(i) پریم چند کی پیدائش بنارس کے کس گاؤں میں ہوئی ؟

(ii) ان کا اصلی نام کیا تھا ؟

(iii) کُنبے کے لوگ کس نام سے پکارتے تھے ؟

(iv) پریم چند کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

(v) پریم چند کس سن میں ماسٹر کی حیثیت سے ملازم ہو گئے ؟

(vi) پریم چند کو مضامین لکھنے کا شوق کب سے پیدا ہوا ؟

(vii) ان کے پہلے ڈرامے کا نام کیا تھا ؟

downloaded from StudentSuvidha.com

**3.** مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

تعلیم حاصل کرنے کے لئے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محنت کا جذبہ تھا، اس لئے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلیٰ تعلیم کے لئے انہیں انگلستان جانے کا موقع ملا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لئے کوششیں شروع کر دیں۔ انہوں نے اپنے جیسے کمزور انسانوں پر ہونے والے ظلم اور ناانصافیوں کے خلاف آواز اٹھائی۔ گاؤں گاؤں اور شہر شہر جا کر لوگوں کو بیدار کیا۔ ان کے دل سے خوف دور کیا اور خود اعتمادی پیدا کی۔



Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

**4.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 8

**(الف)**

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے، کیا خوش نما اگائے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا

**(ب)**

خون اپنا ہو یا پرایا ہو نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو یا مغرب میں امن عالم کا خون ہے آخر

downloaded from StudentSuvidha.com

**5.** نیچے دیئے گئے لفظوں کی مدد سے خالی جگہوں کو بھرئے : 10

(زندگی، آسمان، گولا، دنیا، معلوم)

(i) ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک -------- تھی۔

(ii) لیکن ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے -------- میں چکر کھاتے دکھائی دیتے ہیں۔

(iii) دنیا میں یہ آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی۔ یہ ہمیں نہیں --------

(iv) تو پھر ایک وقت ایسا آیا جب -------- سرد پڑ گئی۔

(v) اور کہیں سے سمندر کی تہہ میں -------- کا بیج پہنچ گیا۔



Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

**.6** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے : 3

(i) اسم۔

(ii) ضمیر۔

(iii) فعل۔

**.7** مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے : 4

(i) نیچا دکھانا۔

(ii) بغلیں جھانکنا۔

(iii) منہ لٹکانا۔

(iv) دل بھرنا۔

**.8** مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے مذکر سے مونث اور مونث سے مذکر بنا کر لکھئے : 4

(i) بادشاہ۔

(ii) عورت۔

(iii) گھوڑا۔

(iv) بیٹی۔

(v) لڑکا۔

(vi) دادی۔

**.9** رباعی کسے کہتے ہیں ؟ 3



downloaded from StudentSuvidha.com

Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

**10.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 8

(i) وقت کی اہمیت۔

(ii) پانی کی آلودگی۔

(iii) پسندیدہ کھیل۔

**11.** اپنے دوست کی شادی کے موقع پر شادی کی مبارک باد کا خط لکھئے۔ 8

**12.** مندرجہ ذیل سوالوں کے صحیح جواب چُن کر اپنی کاپی پر لکھئے : 1 x 10 = 10

(i) نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا شاعر کون ہے ؟

(a) میر انیسؔ (b) نظیرؔ اکبر آبادی

(c) علامہ اقبالؔ (d) اسمٰعیل میرٹھی

downloaded from StudentSuvidha.com

(ii) پریم چند کب پیدا ہوئے ؟

(a) 1875 (b) 1880

(c) 1882 (d) 1885

(iii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(a) مقطع (b) حسنِ مطلع

(c) قافیہ (d) مطلع



Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

(iv) درج ذیل میں سے اسم چنیے :

(a) کتاب (b) وہ

(c) لکھنا (d) کالا

(v) 'خدائے سخن' کے لقب سے کسے یاد کیا جاتا ہے ؟

(a) مرزا غالبؔ (b) ذوقؔ

(c) میر تقی میرؔ (d) علامہ اقبالؔ

(vi) مضمون ''اردو کی کہانی'' کا مصنف کون ہے ؟

(a) محمد مجیب (b) نظیرؔ اکبرآبادی

(c) کنہیالال کپور (d) سید احتشام حسین

downloaded from StudentSuvidha.com

(vii) ''کاٹھ کا گھوڑا'' کس کا افسانہ ہے ؟

(a) رتن سنگھ (b) پریم چند

(c) حبیب تنویر (d) جوگندر پال

(viii) آپ کے نصابی کتاب کا کیا نام ہے ؟

(a) گلستانِ ادب (b) درخشاں

(c) جان پہچان (d) خیابانِ اردو



Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com

(ix) شہر کا ضد کیا ہوگا ؟

(a) بستی (b) وارڈ

(c) نگر (d) دیہات

(x) لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے

یہ شعر کس کا ہے ؟

(a) مرزا غالبؔ (b) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

(c) مومن خاں مومنؔ (d) خواجہ میر دردؔ

downloaded from StudentSuvidha.com



Download all NOTES and PAPERS at StudentSuvidha.com